# فرد کا اجراء

سوال نمبر 1 فرد کے اجراء کا طریقہ کار کیا ہے؟

جواب گزارش ہے کہ مندرجہ ذیل طریقہ کار کے مطابق فردات کا اجراء کیا جاتا ہے۔

۱۔ اصل شناختی کارڈ

۲۔ نادرا تصدیق

۲۔ ٹوکن کا اجراء

۳۔ ویٹنگ ایریا میں مذکوہ ٹوکن پکار کا انتظار

۴۔ ٹوکن پکار کے بعد متعلقہ کاونٹر پر سائل کا ضروری مطلوبہ ریکارڈ کے بارے معلومات مہیا کرنا{یعنی قسم ف
ریکارڈ، ضمانت، حصول قرضہ وغیرہ / موضع وچک}

۵۔ ایس سی او کی مطلوبہ ریکارڈ کی سسٹم میں پڑتال

۶۔ پڑتال ریکارڈ کے بعد سائل کا بائیو میٹرک انگوٹھا و تصویر بنانا

۷۔ فیس وصول{پچاس روپے فی کھتونی} جو کہ سسٹم خود بخود چالان تیار کرتا ہے

۸۔ فرد اجراء{اندر دورانیہ 30 منٹ}

سوال نمبر 2 ذاتی ریکارڈ کی فرد کے اصل کے لئے اصل مالک اراضی کا آنا ضروری ہے؟

جواب ذاتی ریکارڈ کی فرد کسی بھی اصل شناختی کارڈ کے حامل شخص کو جاری کی جاسکتی ہے

سوال نمبر 3 | فرد برائے رجسٹری کے لئے اصل مالک کا آنا ضروری ہے؟
جواب | جی ہاں

سوال نمبر 4 | نادرا تصدیق نہ ہونے کی صورت میں فرد کا اجراء ہو سکتا ہے؟
جواب | نادر تصدیق کے بغیر فرد کا اجراء نہیں ہو سکتا

سوال نمبر 5 | فرد کی فیس کے مطلق تفصیل بتائیں؟
جواب | فیس فی کھتونی 50 روپے ہے جسے سسٹم از خود تیار کرے گا اور فرد پر پرنٹ ہو گی

سوال نمبر 6 | فرد کی فیس کہاں جمع کروانی ہو گی؟
جواب | فرد کی فیس فرد جاری کرنے والے ایس کے پاس جمع کروائی جائے گی، تاہم بعد ازاں بنک برانچ آنے کی صورت میں بنک برانچ میں جمع کروائی جائے گی

سوال نمبر 7 | کن کن فردات کے لئے اصل مالک اراضی کا آنا ضروری ہے؟
جواب | ذاتی ریکارڈ کی فرد کے علاوہ ہر قسم کی فرد کے لئے مالک اراضی کا آنا ضروری ہے

سوال نمبر 8 | فردات کی خانہ کیفیت میں حکم امتناعی، فک رہن وغیرہ کی تفصیل بھی لکھی ہوئی ہو گی
جواب | جی ہاں۔ مذکورہ کھاتہ میں ہر قسم کی کاروائی / عمل درآمد / حکم امتناعی، منسوخ حکم امتناعی کی تفصیل درج ہو گی

سوال نمبر 9 | معیاد ختم شدہ شناختی کارڈ پر فرد جاری ہو سکتی ہے؟
معیاد ختم شدہ شناختی کارڈ پر کسی بھی قسم کی سروس جاری نہ ہو سکتی۔

سوال نمبر 10 | اٹھارہ سال سے کم عمر مالک اراضی کو فرد جاری کی سکتی ہے؟
جواب | فرد کے اجراء کے لئے شناختی کارڈ کا حامل شخص ہونا ضروری ہے۔

سوال نمبر 11 کسی شخص کے شناختی کارڈ پر تصویر کی بجائے انگوٹھا ہو تو فرد کا اجراء ہو جائے گا

جواب تصویر والا شناختی کارڈ پر ہی فرد کا اجراء ہو سکتا ہے۔